سوال

(140) جنازہ کو کندھا دینے سے وضو کا ساقط ہو جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جنازہ کو کندھا دینے سے وضو ساقط ہو جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بایں صورت وضو کرنا چاہیے ایک روایت میں ہے کہ جس نے میت کو نہلایا وہ خود نہالے اور جس نے اس کو کندھا دیا اُسے چاہیے کہ وضو بنالے۔ گو ائمہ نے حدیث ہذا کی صحت پر کلام کیا ہے۔

لیکن امام ابن قیم رحمہ اللہ ''تہذیب السنن'' میں رقمطراز ہیں: کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کے گیارہ طُرق ہیں:

'وَہٰذِہِ الطُّرُقُ تَدُلُّ اَنَّ الحَدِیثَ مَحفُوظٌ۔'

''اور کثرت طُرق اس بات کی دلیل ہے کہ حدیث محفوظ ہے۔''

ابن القطان اور امام ابن حزم (رحمتہ اللہ علیہما) نے ''المحلّٰی'' میں اس کی تصحیح کی ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ ''تلخیص'' میں فرماتے ہیں کہ کم از کم یہ حدیث حسن ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 156